04-07-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔وزیراعظم مودی نے بالوترا، راجستھان میں 1.06 لاکھ کروڑ روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا مندر کا دورہ۔20 سالہ سیاسی سفر مکمل۔

۳۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے سنگارینی جائزہ اجلاس میں کوئلہ ورکرس کی وردی زیب تن کی۔

۴۔ بنڈی سنجے کا بی آر ایس اور کانگریس پر تلنگانہ کو 10 لاکھ کروڑ روپے کے قرض کے جال میں دھکیلنے کا شدید حملہ۔

اور

۵۔چیف سکریٹری سنجے جاجو نے مانسون کی تیاریوں اور فصلوں کے ہنگامی منصوبوں کا جائزہ لیا۔

BANDI LATHI-CHARGE

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے حیدرآباد میں پولیس ملازمتوں میں جائیدادوں کو بڑھانے کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کرنے والے بے روزگار نوجوانوں پر پولیس کے وحشیانہ لاٹھی چارج کی سخت مذمت کی ہے۔انہوں نے نوجوانوں کے خلاف مقدمات درج کرنے اور انہیں پولیس اسٹیشنوں میں منتقل کرنے پر پولیس کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور ان کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا۔مرکزی وزیر نے حکومت پر زور دیا کہ وہ ملازمتوں کی تعداد میں اضافہ کرے اور بھرتی کے عمل کو تیز کرے۔

GARIMA AGRAWAL

راجنا سرسلہ کی ضلع کلکٹر گریما اگروال نے انٹیگریٹڈ ڈسٹرکٹ آفس کامپلیکس میں کومریا کی برسی کے موقع پر ان کی تصویر پر پھول مالائیں چڑھاتے ہوئے انہیں بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا۔ بی سی ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کی جانب سے منعقدہ اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے کہا کہ تلنگانہ کسان مسلح جدوجہد کے دوران کومریا کی عظیم قربانی ہمیشہ ناقابل فراموش رہے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پسماندہ طبقات کے حقوق کے لئے لڑنے کا ان کا جذبہ آج کی نسل کے لئے ایک لازوال تحریک ہے۔

PTC - Rajanna Sircilla

BANDI

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے بی آر ایس اور کانگریس پر شدید تنقید کرتے ہوئے دونوں جماعتوں پر بدعنوانی اور بدانتظامی کے ذریعہ تلنگانہ کو 10 لاکھ کروڑ روپے کے بھاری قرضوں کے جال میں دھکیلنے کا الزام لگایا۔ ویمل واڑہ میں ترقیاتی کاموں کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست کی تمام ترقی کا انحصار مکمل طور پر مرکزی حکومت کے فنڈس پر ہے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ جب تک ڈبل انجن حکومت قائم نہیں ہوگی، ریاست کو سری لنکا اور پاکستان جیسے شدید مالیاتی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے ریاستی قائدین پر دیہاتوں کی ترقی کے لئے مختص سنٹرل فینانس کمیشن کے فنڈس کو تنخواہوں کی ادائیگی کے لئے منتقل کرنے کا الزام لگایا۔

Rajanna Sircilla - Desk

ECI

کئی اعتراضات کے بعد الیکشن کمیشن آف انڈیا نے کے کویتا کو مکتوب لکھ کر تلنگانہ رکشا نا سینا پارٹی کے لئے متبادل نام تجویز کرنے کی درخواست کی ہے۔ جواب میں ٹی آر ایس کے نمائندوں نے سوال اٹھایا کہ ای سی آئی نے باقی اعتراضات کو چھپاتے ہوئے صرف دو اعتراضات ہی کیوں شیئر کئے۔ یہ کہتے ہوئے کہ کئی قومی جماعتوں کے مخفف ایک جیسے ہیں، ٹی آر ایس قیادت نے اعلان کیا کہ اگر ای سی آئی اپنے فیصلہ سے پیچھے نہیں ہٹی تو وہ اسے قانونی طور پر چیلنج کیا جائے گا۔

Deputy CM

الوری سیتارامارا جو کے 129 ویں یوم پیدائش کے موقع پر نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا اور وزیر واکٹی سری ہری نے حیدرآباد میں ٹینک بنڈ پر واقع ان کے مجسمہ پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ وکرامارکا نے کہا کہ ناانصافی کے خلاف کھڑے ہونا اور مظلوموں کی فلاح و بہبود کرنا ہی اس قبائلی رہنما کو حقیقی خراجِ عقیدت ہے۔ انہوں نے محض 27 سال کی عمر میں آزادی کے لئے الوری کی متاثر کن قربانی کی ستائش کی۔ انہوں نے ملکا جگری پولیس کو ہنگامی عوامی خدمات کے لئے کشتریہ سیوا سمیتی کی طرف سے عطیہ کردہ ایک ایمبولینس بھی حوالہ کی۔

RAMCHANDER RAO

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے دہلی پبلک اسکول، ناچارم میں منعقدہ گلو پیس بین الاقوامی کانفرنس میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ عالمی تنازعات اور جوہری

خطرات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو عالمی امن کے لئے دنیا کی واحد امید قرار دیا۔ انہوں نے اسکول کی اس پہل کی ستائش کی جس کے تحت مختلف اسکولوں کے طلبہ وزیر اعظم کو ایک لاکھ پوسٹ کارڈ بھیج کر ان سے عالمی امن کے سفیر کے طور پر کام کرنے کی اپیل کر رہے ہیں۔

PM GUJARAT

وزیر اعظم نریندر مودی نے بالوترا، راجستھان میں 1.06 لاکھ کروڑ روپے مالیت کے میگا ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا جس میں پٹروکیمیکلس، قابلِ تجدید توانائی اور شہری ٹرانسپورٹ کے شعبہ شامل ہیں۔ اہم کاموں میں پچ پدرا میں ہندوستان کے پہلے گرین فیلڈ انٹیگریٹڈ ریفائنری کم پٹروکیمیکل کامپلیکس کو قوم کے نام وقف کرنا، جے پور میٹرو مرحلہ دوم کا سنگ بنیاد رکھنا اور نو متعارف شدہ موڈیفائیڈ اڑان اسکیم کے تحت جودھپور ایئرپورٹ کے نئے ٹرمنل کا افتتاح کرنا شامل ہے۔ انہوں نے نوجوانوں میں حکومت کے 54,000 تقررات کے دستاویزات بھی تقسیم کیے۔ گجرات میں وزیر اعظم نے انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کے تحت سانند میں 7,500 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کردہ OSATSemiCG سہولت کا افتتاح کیا جس سے ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ، توانائی کے شعبہ میں خود انحصاری اور روزگار کو بڑا فروغ ملے گا۔

NAFED

حکومت نے پرائس اسٹیبلائزیشن بفر کے لئے پیاز کی سرکاری خریداری کی قیمت میں 13 فیصد اضافہ کر دیا ہے جسے 1,875 روپے فی کنٹل سے بڑھا کر 2,125 روپے فی کنٹل کر

دیا گیا ہے۔ وزارت امورِ صارفین، خوراک اور عوامی تقسیم نے بتایا کہ پیاز کی یہ نئی قیمت آج ہی سے نافذ العمل ہے۔ وزارت کے مطابق، خریداری کی اس نئی قیمت سے پیاز کے کاشتکاروں کو بہتر منافع حاصل ہوگا اور بفر اسٹاک کی تیاری کی کوششوں کو مدد ملے گی۔ حکومت کے پرائس اسٹیبلائزیشن بفر کے لئے نیشنل ایگریکلچرل کوآپریٹو مارکٹنگ فیڈریشن آف انڈیا لمیٹڈ (NAFED) اور نیشنل کوآپریٹو کنزیومرس فیڈریشن آف انڈیا لمیٹڈ (NCCF) کے ذریعہ پیاز کی خریداری کا عمل جاری ہے۔

ASHWINI VAISHNAW

وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ احمد آباد اور ممبئی کو جوڑنے والا پورا ہائی اسپیڈ ریل کوریڈور 2029 کے آخر تک مکمل ہو جائے گا۔ گجرات میں ریلوے کے مختلف جاری منصوبوں کا جائزہ لینے کے بعد احمد آباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ ممبئی۔احمد آباد بلیٹ ٹرین پراجکٹ کا کام تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور گجرات کے حصہ میں 80 فیصد کام پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہائی اسپیڈ ریل نیٹ ورک کو مرحلہ وار طریقہ سے تیار کیا جا رہا ہے اور سورت کو بلیمورا سے جوڑنے والا پہلا آپریشنل سکشن اگلے سال کھلنے کا امکان ہے۔ وزیر موصوف نے احمد آباد بلیٹ ٹرین اسٹیشن کی جگہ پر انجینئرس اور تعمیراتی ٹیموں سے بھی بات چیت کی۔ احمد آباد کے اپنے ایک روزہ دورہ کے دوران، ویشنو نے شہر میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچہ اور ترقیاتی اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔

GOVT. TELEGRAM:

حکومت نے ٹیلی گرام کو ہدایت دی ہے کہ اندرون 15 دن انسدادِ قزاقی اقدامات پر عمل کرے۔ وزارتِ اطلاعات ونشریات نے قزاقی شدہ فلموں اور کاپی رائٹ کے مواد کو بڑے پیمانہ پر پھیلانے پر اس پلیٹ فارم کو انتباہ دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ روبوسٹ سسٹم کے ذریعہ غیر مجاز مواد کا پتہ چلاتے ہوئے اسے بلاک کیا جائے۔

NSD

SANJAY JAJU

چیف سکریٹری سنجے جاجو نے اہم شعبوں میں تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے تلنگانہ کے تمام ضلع کلکٹرس کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ انہوں نے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ وہ معمول سے کم بارش کے امکانات کے پیش نظر اضلاع کی سطح پر ہنگامی منصوبے تیار کریں، بیجوں اور کھاد کی دستیابی کو یقینی بنائیں اور فصلوں کو فروغ دیں۔ انہوں نے موسمی بیماریوں کی روک تھام کے لئے بین محکمہ جاتی ہم آہنگی پر زور دیا، پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو ترجیح دینے اور اسکولوں میں مڈ ڈے میل کے کچن انفراسٹرکچر کیلئے مقامات کی نشاندہی کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت دی۔ اس اجلاس میں ریاست کے اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔

Desk

JOB MELA-2026

ڈپارٹمنٹ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، تلنگانہ نے آر ڈی ایس ڈی ای کے تعاون سے

2 جولائی سے 14 جولائی تک ریاست کے پانچ اضلاع میں اپرنٹس شپ کم جاب میلہ 2026 منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ جاب میلہ ووکیشنل کورسس کے طلبہ اور حالیہ بیا چس کے نئے امیدواروں کے لئے ہوگا جس میں براہِ راست تقررات کے ساتھ 9 ہزار 600 روپے ماہانہ اسٹائی فنڈ کی پیشکش کی جا رہی ہے۔ تقرر کی یہ مہم میڑچل۔ ملکاجگری، سکندرآباد، ہنمکنڈہ، محبوب نگر اور نلگنڈہ کے منتخب سرکاری جونیر کالجوں میں چلائی جائے گی۔ اہل امیدواروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے بائیو ڈیٹا، تعلیمی سرٹیفکیٹس اور شناختی دستاویزات کے ساتھ اس میلہ میں شرکت کریں۔

Desk

REVANTH REDDY:

اپنے 20 سالہ سیاسی سفر کی تکمیل کے موقع پر تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے نائب وزیر وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا کے ہمراہ مڈجل میں ایک بڑے عوامی جلسہ سے قبل ضلع ناگرکرنول کے اورکونڈہ کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ نے مندر میں پوجا کی اور 10 کروڑ روپے کی لاگت سے ہونے والے مندر کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر وزراء جوپلی کرشنا راؤ اور واکٹی ہری کے علاوہ کئی ارکانِ پارلیمنٹ اور ارکان اسمبلی نے بھی شرکت کی۔ وزیراعلیٰ نے مقامی بزرگوں کے ساتھ اپنی پرانی یادیں بھی تازہ کیں۔

PTC

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے حیدرآباد کے سنگارینی بھون میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس میں سنگارینی کوئلہ کے ورکرس کے مخصوص نیلے یونیفارم پہن کر شرکت کی۔ مزدوروں کا لباس پہننے پر گہرے فخر کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ یہ یونیفارم، ورکرس کی محنت، ہمت، لگن اور قربانی کی علامت ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ جب بھی وہ کوئلہ مزدوروں کے مسائل پر مبنی اجلاسوں میں شرکت کرتے ہیں تو متعلقہ کمپنیوں کا یونیفارم پہننے کی روایت کو برقرار رکھنے سے انہیں دلی اطمینان ملتا ہے۔ انہوں نے ملک کی توانائی کی سلامتی کو مضبوطی سے سہارا دینے پر سنگارینی کے ہر ورکر کا شکریہ ادا کیا۔

HYD

OO